بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

Press Desk
Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

PRESS RELEASE

A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860

Dated : 29 May, 2015

احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کے امام نے کہا کہ جرمنی کو چاہئے کہ وہ یورپ کی سالمیات اور اتحاد کی حفاظت کرے

حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے Die Zeit کو انٹرویو دیا

مورخہ ۲۵ رمئی ۲۰۱۵ء کو ہفتہ روزہ نیشنل جرمن میگزین Die Zeit نے احمدیہ مسلم جماعت عالمگیر کے امام اور پانچویں خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کا انٹرویو لیا۔ حضور انور کا انٹرویو رپورٹر طاہر چوہدری نے لیا جس میں انہوں نے آج کی جدید اور ترقی یافتہ دنیا میں اسلام کا کردار، شدت پسندی کے خطرات اور دیگر مختلف عالمی مسائل کے متعلق سوالات کئے۔

انٹرویو کے دوران، حضور انور نے مسیح موعود اور امام مہدی کے متعلق حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی پیشگوئیوں کی وضاحت فرمائی کہ اس کی بعثت آخر زمانہ میں ہوگی۔ حضور انور نے فرمایا کہ احمدی مسلمان یہ یقین رکھتے ہیں

کہ مسیح موعود اور امام مہدی کا مظہر احمدیہ مسلم جماعت کے بانی حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی علیہ السلام کا وجود باجود ہے۔

مختلف فرقوں کے خلافت کے قیام کے دعاوی کے متعلق حضور انور نے فرمایا کہ خلافت کا براہ راست نبوت کے ساتھ تعلق ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ جن شدت پسند گروہوں نے خلافت کا دعویٰ کیا ہے انہوں نے کسی قسم کی نبوت کی اتباع نہیں کی ہے بلکہ انتہائی اعلیٰ سطح پر ظلم، ناانصافی اور بربیت کو پھیلانے میں مصروف ہیں۔

نظام خلافت جو احمدیہ مسلم جماعت کی رہنمائی کر رہا ہے اس کے متعلق حضور انور نے فرمایا کہ یہی حقیقی خلافت ہے جو مسیح موعود اور امام مہدی کے تابع قائم ہوئی ہے۔

احمدیہ مسلم جماعت کے پانچویں خلیفہ کی حیثیت سے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنے منصب کے متعلق فرمایا:

''میں نے کبھی خلیفہ ہونے کی کوئی خواہش نہیں کی ہے۔ بلکہ لوگوں (انتخاب کمیٹی کے ممبران) کے دلوں میں میرے نام کو راسخ کر کے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس منصب کو قبول کرنے پر مجبور کیا ہے۔''

تہذیب وتمدن کو لاحق عظیم خطرات کے سوال پر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

''میں سمجھتا ہوں کہ آج کا سب سے بڑا خطرہ انسان کی اپنے قادر مطلق خدا سے بڑھتی ہوئی دوریاں ہے۔ ہم دیکھ رہے ہیں کہ نیکی اور انصاف کم ہوتا جا رہا ہے جبکہ ظلم اور نفرت بڑھتی جا رہی ہے۔ اس طرح کے اعمال اور رجحانات خدا تعالیٰ کے غضب کا موجب بنتے ہیں۔''

اس سوال پر کہ حضور کا جرمن باشندوں کے لئے کیا پیغام ہے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے فرمایا:

’’میں یہ کہوں گا کہ جرمنی کو چاہئے کہ وہ یوروپین یونین کی تائید و استحکام میں اپنا کردار نبھاتا چلا جائے۔ اگر وہ ایسا کرتا ہے تو پھر وہ ترقی کرے گا۔ لہذا جرمنی کو چاہئے کہ وہ اس خطہ کے اتحاد اور سالمیت کی حفاظت کے سامان کرے۔ مزید یہ کہ جرمن لوگوں میں رواداری کی اعلیٰ صفت موجود ہے اور ان کو چاہئے کہ وہ اس کو جاری رکھیں اور اس کو مزید بہتر بنائیں۔‘‘

END RELEASE

For further details please contact:
Incharge Press & Media, Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988, Email: pressamjindia@gmail.com,
Tel: +91-1872-500311, Fax: +91-1872-500178
Noorul Islam Toll Free Number: 1800-3010-2131